بلوچستان صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ

نمبر = ص ا ب /س/۲/۹/۲۰۱۸ مورخہ۲۷/دسمبر۲۰۱۹

بخدمت = چیف سیکرٹری
حکومت بلوچستان

موضوع = قرارداد نمبر۷۵ منجانب اصغر علی ترین۔

بلوچستان صوبائی اسمبلی کے منعقدہ اجلاس ۲۰/ دسمبر ۲۰۱۹ میں ذیل منظور شدہ قرارداد نمبر ۷۵ منجانب اصغر علی ترین، رکن اسمبلی بمراد اطلاع وکارروائی لازمہ ارسال خدمت ہے

قرارداد۔

ہرگاہ کہ ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر تحصیل پشین میں نادرا کی جانب سے قائم کردہ دفتر کی عمارت نہ صرف چھوٹی ہے بلکہ اس میں عملہ بھی کم تعداد میں تعینات کیا گیا ہے اس سے قبل تحصیل پشین کی آبادی میں اضافے کے پیش نظر سمارٹ کارڈ کیلئے ایک الگ عمارت فراہم کی گئی تھی جو اب بند پڑھی ہوئی ہے جس کی وجہ سے آئے روز سینکڑوں لوگوں کو قطار میں کھڑا ہونا پڑتا ہے اور شناختی کارڈ کے حصول کیلئے کئی دنوں تک انتظار بھی کرنا پڑتا ہے۔

لہذا یہ ایوان صوبائی حکومت سے سفارش کرتا ہے کہ وہ وفاقی حکومت سے رجوع کرے کہ وہ نادرا سینٹر پشین کی عمارت کو کشادہ کرنے اور عملہ کی تعداد بڑھانے نیز تحصیل پشین میں سمارٹ کارڈ کیلئے ایک الگ بلڈنگ فراہم کرنے کو بھی یقینی بنائے تاکہ شناختی کارڈ کے حصول کے حوالے سے تحصیل پشین کے عوام کو درپیش مشکلات کا ازالہ ممکن ہو۔

(صفدر حُسین)
معتمد،

نقل برائے اطلاع بخدمت:۔

۱) بخدمت اصغر علی ترین رکن اسمبلی/محرک قرارداد۔
۲) سیکرٹری قومی اسمبلی، پاکستان، اسلام آباد۔
۳) سیکرٹری سینٹ، سینٹ سیکرٹریٹ پاکستان، اسلام آباد۔
۴) پرنسپل سیکرٹری پریزیڈنٹ سیکرٹریٹ، (پبلک) ایوان صدر، اسلام آباد۔
۵) پرنسپل سیکرٹری برائے وزیراعظم پاکستان، وزیراعظم سیکرٹریٹ، اسلام آباد۔
۶) سیکرٹری داخلہ حکومت، پاکستان، اسلام آباد۔
۷) چیئرمین نادرا حکومت، پاکستان، اسلاآباد۔
۸) پرنسپل سیکرٹری برائے وزیراعلیٰ، بلوچستان، کوئٹہ۔
۹) سیکرٹری قانون وپارلیمانی امور، حکومت بلوچستان، کوئٹہ۔
۱۰) جنرل منیجر نادرا، صوبہ، بلوچستان، کوئٹہ
۱۱) سیکرٹری، صوبائی اسمبلی، پنجاب، لاہور۔سندھ، کراچی ۔خیبرپختونخوا، پشاور۔قانون ساز اسمبلی آزاد جموں کشمیر، مظفرآباد۔قانون ساز اسمبلی گلگت اسمبلی، گلگت بلتستان ۔

〈 قادر بخش شاھوانی 〉
شریک معتمد (سوالات)